نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

<u>وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر محکمہ زراعت پنجاب کے تحت جعلی اور ملاوٹ شدہ کھادوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری</u>

لاہور10اپریل2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیراعلی پنجاب کی ہدایت پر محکمہ زراعت پنجاب کے تحت جعلی اور ملاوٹ شدہ کھادوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی ہدایت پر معیاری کھادوں کی دستیابی کیلئے مانیٹرنگ کی جارہی ہے۔ملاوٹ شدہ کھادوں اورزرعی ادویات کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کوکیفرکردارتک پہنچایا جارہاہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ ضلع سرگودھا میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کی سربراہی میں ٹیم نے پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹ سرگودھا میں جعلی اور ملاوٹ شدہ کھادیں تیار کرنے والی فیکٹری پر چھاپہ مارا جوسنگل سپر فاسفیٹ، امونیم سلفیٹ اور مائیکروفاسفورسی کھادوں کی تیاری میں ملوث پائے گئے۔ مذکورہ فیکٹری مالکان کے خلاف ایف آئی آر کا اندراج عمل میں لایا گیااور 50 کلوگرام کھادوں کے 29 تھیلے،خالی بیگ اور دیگرخام مال قبضہ میں لے لیا گیا۔اس موقع پر پاک ایگروکیمیکل کی فیکٹری اور گودام کوسیل کردیا گیا۔

☆☆☆☆